بد قسمتی سے بلوچستان کے مسائل، ان کے وجوہات اور حل ہمیشہ ریاستی بیانیہ کے عین مطابق پیش کیے گئے ہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک قوت جو خود مسائل کی جڑ ہے اور پھر آپ دانستہ یا غیر دانستہ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے اس کی ہی نظر سے دیکھنے کی کوشش کریں، تو کیا یہ مسائل کبھی حل ہو سکتے ہیں؟ قطعاً نہیں کیونکہ جب ہم مسائل کے حقیقی پہلوؤں کو سمجھنے میں ناکام رہے تو وہ مسائل کبھی حل نہیں ہو سکتے ہیں۔ مسائل اس وقت حل ہو سکتے ہیں جب ہم ان مسائل کو غیروں کی نہیں بلکہ اپنے مسائل کو اپنے نقطہ نظر سے دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش کریں اور ان کا حل بھی اپنے زمینی حقائق کے مطابق دیکھنے کی کوشش کریں۔

2.2 بلوچ نسل کشی

اقوام متحدہ نے مندرجہ ذیل پانچ افعال کے مطابق نسل کشی کی تعریف بیان کی ہے جب ان میں سے کسی بھی فعل کا مقصد کسی قومی، نسلی یا مذہبی گروہ کو مکمل یا جزوی طور پر تباہ کرنا ہو۔ پانچ افعال مندرجہ ذیل ہیں: 1 گروہ کے اراکین کو قتل کرنا۔ 2: انہیں سنگیں جسمانی یا ذہنی نقصان پہنچانا۔ 3 ایسے حالات زندگی مسلط کرنا جو اس گروہ کو تباہ کرنے کے لیے بنائے گئے ہو۔ 4 عمل تولید کو روکنا اور بچوں کو زبردستی گروپ سے باہر منتقل کرنا۔ 5 کسی گروہ کے رکن کو اس کی شناخت کے بنیاد پر نشانہ بنانا۔

اقوام متحدہ کے بیان کردہ تعریف کے مطابق آج بلوچ قوم پر مسلط کردہ حالات بھی نسل کشی کے مکمل زمرے میں آتے ہیں۔

یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ بلوچ قوم کی نسل کشی کی حالیہ لہر بھی ریاستی پالیسیوں کا حصہ ہے۔ آج بلوچ کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ جس ظل واستبداد اور قتل و غارت کے حالات سے وہ گزر رہے ہیں وہ قدرتی یا حادثاتی نہیں ہیں۔ اسی طرح گزشتہ ستر سالوں میں لاکھوں بلوچ شناخت کے بنیاد پہ قتل کئے جا چکے ہیں۔ اس قتل و غارت میں ملٹری آپریشن، ٹارگٹ کلنگ، جبری گمشدگیوں کے بعد مسخ شدہ لاشیں اور شہری آبادی یا سیاسی اجتماعات پر بلا امتیاز فائرنگ کے واقعات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ہزاروں افراد کئی کئی سالوں سے صرف بلوچ ہونے کے نام پر غائب ہیں، جن کے زندہ ہونے کے شواہد تک نہیں ہیں۔ ہمارے اوپر مسلط کئے گئے حالاتِ زندگی مسلسل ہمیں ذہنی و جسمانی نقصان پہنچا رہے ہیں، مسلسل جنگ نما صورتحال کا برپا کرنا، روزانہ غیر انسانی سلوک کا سامنا کرنا، شناخت کے بنیاد پر اجتماعی اذیت سے دوچار کرنا ہمیں مسلسل ذہنی اذیت کا شکار بنا رہی ہے۔ ہمارے لئے ایسے حالات پیدا کئے گئے ہیں کہ ہم صرف زندگی اور موت کی کشمکش میں وقت گزارتے ہیں، یہ حالات خونی شاہراہوں کی صورت میں ہو، چاغی میں ایٹمی تجربات و ان کے اثرات کے ہو، یا پھر ڈیرہ غازی خان میں یورینیم پلانٹ کی صورت میں ہو یا کراچی میں گینگ وار یا منشیات کے سبب ہونے والی تباہی ہو۔ یہ سب ریاست کے پیدا کردہ حالات

ہیں جن کے سبب سالانہ ہزاروں لوگ لقمہ اجل بن جاتے ہیں، یا عمر بھر نیم مردہ معذوری کے حالت میں زندگی گزارتے ہیں۔

2.2.1 جبری گمشدگیاں

اقوام متحدہ، انٹرنیشنل کریمینل کورٹ اور انسانی حقوق کے دیگر تمام اداروں کے کے بیان کردہ قوانین کے مطابق جبری گمشدگی ایک غیر قانونی عمل اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ کسی بھی شہری کو قلیل یا طویل مدت کیلئے جبری طور پر گمشدہ رکھنا جرم ہے اور اقوام متحدہ کے جبری گمشدگیوں کے کنوینشن 2010 کے مطابق کسی بھی شہری کے جبری گمشدگی کے ذمہ دار ریاست ہے۔ ان تمام قوانین کے ہوتے ہوئے بھی ہمارے لوگ ہزاروں کی تعداد میں جبری طور پر لاپتہ ہیں اور یہ عمل آج بھی تیزی کیساتھ جاری ہے۔ روزانہ کے بنیاد پر مکران سے لیکر کوہ سلیمان اور کراچی تک ہر علاقے میں ہمارے پیاروں کو ریاستی فوج اور خفیہ ادارے جبری طور پر گمشدہ کررہے ہیں۔ بلوچ نوجوانوں سے لیکر اسّی سال کے بزرگ تک بھی ریاستی جبری گمشدگیوں سے محفوظ نہیں، جس میں اساتذہ، دانشور، ادیب، صحافی، شاعر، طلباء، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکیل، مزدور، ماہی گیر، کسان الغرض ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد اس غیر انسانی و غیر قانونی عمل جبری گمشدگی کا شکار ہے۔ جبری گمشدگی کے اس غیر انسانی عمل کی وجہ سے ہماری پوری سماج شدید کرب اور اذیت میں مبتلا ہے، مائیں اپنے بیٹوں کے انتظار میں تڑپ تڑپ کر اس

دنیا سے رخصت ہوتے ہیں، بیٹیاں اپنے والد کے انتظار میں رو رو کر جوان ہوتے ہیں۔ آئے دن سڑکوں اور پریس کلبوں کے سامنے بلوچ مائیں اور بچیاں احتجاج کر رہے ہیں۔ ایک شخص کی جبری گمشدگی سے پوری خاندانی کے حالاتِ زندگی مفلوج ہوتی ہے اور آج ہمارے سماج میں سینکڑوں خاندان دہائیوں سے ایسی دکھ درد اور کرب کی کیفیت میں ہیں۔

2.2.2 قتل عام

بلوچستان میں سیکورٹی کے نام پر قتل و غارت کا بازار گرم ہے، ہر طرف خون کی ہولی ہے، ریاستی خفیہ ادارے اور فوج جب، جیسے، جہاں چاہیں کسی بھی بلوچ کو بلا خوف وروک ٹھوک کے قتل کر کے کے سیکیورٹی کا نام دیتے ہیں۔ حالیہ قتلِ عام کی لہر میں جعلی مقابلوں میں بلوچوں کو قتل کرنے کی فہرست سب سے طویل ہے، جس میں پہلے سے جبری گمشدگیوں کے شکار افراد کو اپنے خفیہ ٹارچر سیلوں سے اٹھا کر مار دیتے ہیں اور مقابلے کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ ریاست اتنی دیدہ دلیری سے ہمارے نوجوانوں کو جعلی مقابلوں میں قتل کر رہی ہے کہ خود لوگوں کو جبری طور پر گمشدہ کرتی ہے، پھر خود اپنے عدالتوں میں ان کی جعلی گرفتاری ظاہر کرتی ہے، اور انہیں اپنے عدالتوں سے سزا دلواتی ہے اور پھر ان تمام سر عام موجود ثبوتوں کے باوجود ان کو قتل کر کے مقابلے کا نام دیتی ہے، جیسا کہ گزشتہ سال شہید بالاچ بلوچ کا واقع ہوا ہے۔ الغرض اس ریاست میں سیکورٹی کے نام پر ہمارے چھوٹے ننے منے بچوں سے لیکر بوڑھوں و بزرگوں تک کوئی بھی محفوظ نہیں ہے۔ اس

کے ساتھ بلوچستان میں بلوچوں کا قتل عام مختلف طریقوں سے جاری ہے، جبری طور پر گمشدہ کرنے کے بعد قتل کر کے لاش کو خاموشی سے کسی ویرانے میں پھینک دینا اور لاش کو اتنا مسخ کرنا کے اس کے گھر والے بھی اپنے پیارے کی شناخت نہ کر سکے، جس کی مثال شال میں آباد ایدھی قبرستان ہے وہاں ہمارے درجنوں فرزند بغیر شناخت کے دفن ہے اور تقریباً بلوچستان کے ہر علاقے میں ایسا قبرستان موجود ہوگا جہاں بلوچ فرزند بغیر شناخت کے دفن ہیں۔اس کے علاوہ ٹارگیٹ کلنگ کے ذریعے بلوچ ٹیچرز، طلباء، صحافی، وکیل، سیاسی کارکن اور دیگر شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے باشعور بلوچ فرزندوں کو گزشتہ کئی سالوں سے مسلسل قتل کیا جارہا ہے جس میں پروفیسر صباد شتیاری، سر زاہد آسکانی، سر رزاق زہری اور دیگر کئی نام شامل ہیں۔ جبکہ بارڈر پر مزدوری کرنے والا بلوچ ڈرائیور بھی ریاستی جبر سے محفوظ نہیں ہے، آئے روز ماشکیل، دالبندین، نوکنڈی، پروم، زامران اور مند کے باڈر میں بلوچ ڈرائیورز ریاستی فوج کے ہاتھوں قتل ہورہے ہیں۔اسی طرح ساحل بلوچ میں بھی متعدد ماہی گیر اب تک ریاستی فوج کے ہاتھوں قتل ہوچکے ہیں۔ اب تک ہزاروں بلوچ مختلف طریقوں سے براہ راست ریاستی فوج اور خفیہ اداروں کے ہاتھوں قتل ہوچکے ہیں۔

2.2.3 اجتماعی قبریں

اکیسویں صدی میں ایک انسان کا قتل بھی بہت بڑاانسانی المیہ جانا جاتا ہے لیکن بلوچستان میں سینکڑوں لاشیں اجتماعی قبر کی صورت میں ملتی ہیں۔ 2013ء میں خضدار کے علاقے توتک میں سینکڑوں لاشیں اجتماعی قبر کی صورت میں دریافت ہوئے۔ جب کسی ایک شہری کا قاتل نامعلوم ہو تو اس کا ذمہ دار ریاست ہے مگر المیہ یہ ہے کہ بلوچستان میں 100 سے زائد لاشیں ایک اجتماعی قبر سے ملتی ہیں اور ریاست اور اس کے ادارے بری الزمہ قرار دیے جاتے ہیں۔ توتک اجتماعی قبر کے واقعے میں نام نہاد کمیشن و کمیٹیاں بنائے گئے جن کے توسط سے ریاست اور اس کے داروں کو بری الزمہ قرار دیا گیا۔ ظلم، جبر، بربریت و بے حسی کا یہ عالم تھا کہ ان لاشوں کی شناخت کیلئے انہیں ٹیسٹ تک کرنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی، لاشیں بغیر شناخت کے واپس اسی مٹی میں دفن کیے گئے۔ اس کے علاوہ پنجگور، ڈیرہ بگٹی اور دیگر علاقوں میں بھی اجتماعی قبریں برآمد ہوئی ہیں۔

2.2.4 ملٹری بربریت

بلوچستان ایک ایسا خطہ ہے جہاں بربریت، جبر اور ظلم کو بھی سیاسی اصطلاحوں کے ذریعے چھپانے کی کوشش کی جاتی ہے، جیسا کہ فوجی بربریت کو فوجی آپریشن کا نام دیا جاتا ہے۔ بلوچستان 1948ء سے فوجی بربریت کا شکار ہے اور اس ظلم، جبر و استبداد کے نئی لہر میں بلوچستان کا ایک بھی علاقہ ریاستی ملٹری جبر سے محفوظ نہیں ہے۔ آئے روز

سیکورٹی کے نام پر ہمارے گھروں میں گھس کر چادر و چار دیواری کی پامالی کی جاتی ہے، خواتین، بچوں و بزرگوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے، گھروں کو آگ لگادی جاتی ہے، گھروں کے قیمتی اشیاء اور حتی کہ مال مویشیوں کو بھی زبردستی چرایا جاتا ہے۔

2.2.5 جبری بے دخلی

عالمی انسانی حقوق کے قوانین کے مطابق کسی بھی شہری کو جبری طور پر اس کے گھر یا علاقے سے بے دخل کرنا سنگین جرم ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ شہریوں کے حقوق کی تحفظ کریں لیکن بلوچستان میں سیکورٹی کے نام پر ریاست خود روزانہ کی بنیاد پر شہریوں کو جبری طور پر اپنے گھروں اور علاقوں سے بے دخل کر رہی ہے۔ بلوچستان میں اس وقت ہزاروں خاندان ایسے ہیں جو اپنے آبائی علاقوں اور گھروں سے جبری طور پر بے دخل کیے گئے ہیں۔ جبری بے دخل کئے گئے لوگوں میں ڈیرہ بگٹی، کوہلو، کاہان، بولان، آواران، جھاؤ، مشکے، دشت کیچ، شاپک اور دیگر متعدد علاقوں کے خاندان شامل ہیں جو اس وقت اندرون و بیرون ملک مختلف جگہوں میں انتہائی کمپسری کی زندگی گزار رہے ہیں۔

2.2.6 روڈ ایکسیڈنٹ

روڈ ایکسیڈنٹ کے حادثات دنیا بھر میں ہوتے ہیں لیکن جس خطرناک اور مسلسل روڈ ایکسیڈنٹ کے شکار بلوچستان کے لوگ ہیں، یہ کسی بھی طرح سے حادثات

نہیں ہیں بلکہ قتل عام ہے۔ بلوچستان کے مرکزی شاہراؤں پر گزشتہ کئی سالوں سے آئے روز ایکسیڈنٹ ہورہے ہیں اور سالانہ روڈ ایکسیڈنٹ میں قتل ہونے والے لوگوں کی تعداد ہزاروں میں ہیں اور گزشتہ کئی سالوں کا اگر ڈیٹا نکالا جائے تو ہزاروں لوگ صرف ان روڈ ایکسیڈنٹ میں قتل ہوئے ہیں۔ جبکہ روڈ ایکسیڈنٹ کے خلاف مسلسل آواز اٹھائی جارہی ہے کہ بلوچستان کے چھوٹے بڑے تمام شاہراؤں کو ڈبل کیا جائے، شاہراؤں پر ایمرجنسی ریسکیو سینٹر بنائے جائے، سفری تحفظ کے لیے ٹرانسپورٹ کے لیے ضابطہ اخلاق بنائے جائے لیکن ریاست نہ صرف ان مطالبات کو نظر انداز کررہی ہے بلکہ مجرمانہ خاموشی بھی اختیار کی ہوئی ہے۔ اس لیے ہم سمجھنے میں حق بجانب ہے کہ یہ روڈ ایکسیڈنٹ نہیں بلکہ بلوچوں کا خاموش قتل عام ہے اور بلوچ نسل کشی پالیسی کا حصہ ہے۔

2.2.7 کینسر

آج بلوچستان بھر میں کینسر کے کیسز خطرناک حد تک بڑھ چکے ہیں اور کینسر کے سبب ہمارے نوجوان بے موت مررہے ہیں اور یہ تعداد انتہائی تیزی سے بڑھتی جارہی ہے لیکن پورے بلوچستان میں نہ کوئی کینسر ہسپتال ہے اور نہ کوئی لیبارٹری موجود ہے، اور نہ ہی کینسر کے کیسز پر تحقیقات کی اجازت دی جاتی ہے۔۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ریاست ان تمام اعمال کی براہ راست ذمہ دار ہے، اگر ریاست سنجیدہ ہوتی تو بلوچستان میں کینسر کے ہسپتال، لیبارٹری اور کینسر کے سبب معلوم کرنے کے ریسرچ پروجیکٹ کا اعلان کرتی اور

کینسر کے روک تھام کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھاتی لیکن ریاست ہر مسئلے کی طرح اس مسئلے پر بھی مجرمانہ طور پر خاموش ہے۔

2.2.8 قدرتی آفات

بارشیں قدرت کی طرف سے نعمت ہے لیکن بلوچستان میں معمولی بارش بھی سیلاب کی صورت میں زحمت بن جاتی ہے، بلوچستان میں ہر سال بارشوں کے سبب مختلف علاقوں میں سیلاب آتی ہے اور اب تک سینکڑوں لوگ ان سیلابوں کے سبب اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں اور پورے کے پورے آبادی ملیامیٹ ہو جاتے ہیں، معاشی حوالے سے ایسے نقصانات کا سامنا کرتے ہیں جو سالوں تک ان کا ازالہ نہیں کر پاتے۔ گزشتہ کئی سالوں سے یہ سلسلہ جاری ہے لیکن ان کے روک تھام کے لیے ریاست کی جانب سے نہ کوئی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور نہ ہی منصوبہ بندی ہو رہی ہے۔

یہ تمام عمل اور حربے بلوچ نسل کشی کا حصہ ہے، کہیں پر براہ راست ریاست ہمیں قتل کر رہی ہے تو کہیں منصوبہ بندی کے تحت خاموش قتل کر رہی ہے اور ہم بلوچ اپنی قومی شناخت کے سبب قتل عام کا سامنا کر رہے ہیں، ہماری سماج کو تباہ کیا جارہا ہے اور ہمارے لئے ہمارے اپنی سرزمین کو تنگ کیا گیا ہے۔

2.3 سیاسی قدغن

سیاست از خود ایک معاشرے کی روح ہے۔ کسی معاشرے کو زندہ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ وہاں سیاسی نظام محکم ہو۔ معاشرے کو ارتقاء کے راہ پر گامزن رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ وہاں سیاسی فضا قائم ہو کیونکہ سیاست ہی ایک معاشرے میں صحیح اور غلط کا تعین کرتی ہے۔ معاشرے میں مسائل کو دیکھنا، ان کو گہرائی سے تجزیہ کرنا اور ان مسائل کا حل پیش کرنا بھی سیاسی اداروں کا کام ہے۔ اس لئے گزشتہ ستر سالوں سے ریاست کسی نہ کسی طریقے سے یہ کوشش جاری رکھے ہوئے ہیں کہ کس طرح معاشرے پر سیاسی قدغن عائد کیے جائے، جس کا واضح مقصد بلوچ سیاسی شعور کو ختم کرنے بلوچ معاشرے کو اندر سے کھوکھلا کرنا ہے۔ اس کے لیے گزشتہ 75 سالوں سے حقیقی بلوچ سیاسی جماعتیں، کارکنان اور رہنما ریاستی جبر، پابندیوں اور مظالم کی زد میں ہے اور اس کے برعکس کرپٹ، مشہور زمانہ منشیات پروش، چور، ڈاکو، نام نہاد سردار، جاگیردار اور پیداگیروں کو متبال سیاستدانوں کی طور پر پیش کر کے سماج پر مسلط کیے گئے ہیں تاکہ ان کے ذریعے ریاست بلوچستان میں اپنی مفادات ور جرائم کو تحفظ دے سکے اور عام عوام کو سیاست سے بد ظن کیا جاسکے۔ جبکہ ریاست یہ بات اچھی طرح سمجھتی ہے کہ سیاسی معاشرہ سوال اور تنقید کرتی ہے اور وہ اپنے حقوق کے لئے جدوجہد کریں گے اس لئے ریاست کی شروع سے یہ کوشش رہی ہے کہ بلوچ معاشرے پر ہر طرح سے سیاسی قدغن لگائے

جائے اور ریاست کی یہ کوشش آج بھی جاری ہے اور بلوچ سیاسی کارکنان پر تشدد کی بے رحمانہ لہر اسی پالیسی کی تسلسل ہے۔

2.4 قبائلی سیاسی نظام کو کرپٹ کرنا

قبائلی نظام از خود ایک سیاسی نظام رہا ہے مگر ارتقا کا اصول یہی ہے کہ ہر نظام کو زندہ رکھنے کے لیے وقت کے ضرورتوں کے ساتھ بہتر کیا جائے اور ترقی دی جائے اور جس قدر ممکن ہو عوام کے فلاح کے لیے خود کو بدلتا جائے۔ قبائلی سیاسی نظام میں ایک سب سے بڑی ناکامی یہ رہی کہ یہ خود کو وقت کے ساتھ بدل نہیں سکا اور جمہود کا شکار رہا اور اس نظام کی رہی سہی کسر قبضہ گیر قوتوں نے پوری کر دی۔ پہلے برٹش اور اب پاکستان اس نظام کو زیادہ سے زیادہ کرپٹ کر کے بلوچ عوام پر مسلط کر رہی ہے۔ برٹش نے نواب کا خطاب کا اجراء کر کے سرداری نظام کو عوام سے زیادہ طاقت ور بنا دیا اور آج پاکستان نے کرپٹ، نااہل اور اپنے گماشتوں کو سردار بنا دیا اور انہیں پارلیمنٹ میں لے جا کر بے تحاشہ طاقت دیا گیا تاکہ یہ بلوچ عوام کو دبا کر رکھ سکے۔ بلوچ روایات اور ثقافت میں سردار وہ شخص ہوتا ہے جسے عوام منتخب کریں اور عوامی حمایت سے سرداری نظام چلائے جبکہ وہ شخص انتہائی قابل، لائق، بہادر اور ایماندار ہو۔ لیکن آج ریاست نے اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے چن چن کر اپنے گماشتوں کو ہمارے معاشرے میں سرداروں کے نام پر مسلط کئے ہیں، جنہیں بلوچ روایات، ثقافت اور بلوچ عوام سے کوئی غرض نہیں وہ صرف

ریاستی مفادات کے چوکیدار ہیں۔ یہ انتہائی سیدھا سادہ بات ہے جس شخص کو معاشرے کے مسائل سے کوئی سروکار نہ ہو وہ کیسے معاشرے کا سربراہ بن سکتا ہے؟ مگر بلوچ سماج میں یہی حربہ استعمال کیا جاتا ہے جو شخص جتنا زیادہ بلوچ سماج کے خلاف کام کرے گا وہی شخص سربراہ ہونے کے لئے اہل ہوگا۔ قبائلی نظام کو کرپٹ کرکے اور طاقت دیکر عوام پر مسلط کرنے کا واحد مقصد یہی ہے کہ بلوچ سماج کو زیادہ دبایا جاسکے اور کنٹرول کیا جاسکے۔

2.5 انفرادیت پسندی کو توانا کرنا

انسان فطرتاً انفرادیت پسند ہے البتہ ایک معاشرے کی ضرورت اسے اجتماعیت پسندی کے لیے قائل کرتا ہے۔ ایک انسان کو اگر ایک پر امن و پر سکون ماحول چاہیے تو اجتماعیت کو ترجیح دیکر معاشرتی اصولوں پر کاربند ہوتا ہے۔ مگر ہمارے ارد گرد ایک ایسا ماحول پیدا کیا گیا جہاں معاشرے کو مختلف بیماریوں کا شکار بنایا گیا ہے ان بیماریوں کے حل کے لیے جدوجہد کے راہ کو مشکل اور پُرخطر بنادیا گیا ہے۔ ان حالات میں عام انسان انفرادیت پسندی کا شکار ہوکر اپنے زندگی کو عارضی طور بہتر بنانے کی کوشش کرتا ہے، اپنے ارد گرد سے بے غرض ہوکر اپنے لیے ایک نوکری کی تلاش کرنا، اپنے انفرادی مستقبل کی تگ و دو میں رہنا، ایسے تمام اعمال کا حصہ ہونا جس سے خود کو انفرادی حوالے سے فائدہ ہو اور معاشرے کی اجتماعی حوالے سے نقصان ہو، جیسے منشیات کا کاروبار کرنا، رشوت خوری، کرپشن اور دیگر بیماریاں شامل ہیں۔ انفرادیت پسندی اجتماعی سوچ کا دشمن

ہے اور اجتماعی سوچ کا نہ ہونا غیر سیاسی ماحول بنانے کا بنیادی نقطہ ہے۔آج کالونیل ازم ہمارے سماج کو انفرادیت پسند سماج کی جانب لے جارہا ہے۔

2.6 سماجی بیگانگی

ہمارے سماج کو بیگانہ رکھنے کے لیے انتہائی شاطرانہ انداز سے گزشتہ کئی دہائیوں سے خاموشی سے کام ہورہا ہے۔نوکرنی حاصل کرنے کے لیے مقابلے کا ماحول، دولت حاصل کرنے کے لیے اپنے خوداری اور سماجی اصولوں کو پامال کرنا،سیاسی و سماجی طاقت حاصل کرنے کے لیے چاپلوسی کرنا اور اپنے غیرت کی سودا بازی سماج میں ایک خطرناک بیگانگی پیدا کررہی ہے۔ایک نوجوان جسے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے اور سماج کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہے وہ صرف ایک نوکری حاصل کرنے کے لئے اپنے تخلیقی صلاحیتوں کو دس دس سال ریس کے ماحول میں ضائع کررہا ہے اور سماج سے مکمل طور پر بیگانہ ہورہا ہے اوراس ریس کے ماحول نے تعلیم حاصل کرنے کا مقصد صرف نوکری حاصل کرنے تک محدود کردی ہے اور ہمارے بچے ونوجوان اپنے تخلیقی صلاحیتوں سے محروم ہورہے جبکہ تخلیقی صلاحیتوں سے محروم ایک مشین نما نسل تیار ہورہی ہے جس کی زندگی کا مکمل مقصد ایک نوکری ہے۔ہمارے سماجی رشتوں،اصول اور خوداری کو ختم کرنے کے لیے ہماری لوگوں کو ناجائز طریقوں سے دولت حاصل کرنے کے پیچھے لگا دیا گیا ہے، جس میں ہر ایک شخص یہ کوشش میں ہے کہ میں دوسرے سے زیادہ دولت

مند ہو جاؤں، اس کے لیے منشیات فروشی، اسمگلنگ، مخبری سے لیکر ہر طرح کے وہ کام کر رہے ہیں جس میں بلوچ سماج کی شدید سے شدید تر نقصان ہو۔ سیاسی اور سماجی طاقت حاصل کرنے کے چاپلوسی اور غیرت کی سودبازی کی ایسا ماحول بنایا گیا ہے کہ ہر ایسے شخص کی کوشش ہوتی ہے کہ میں دوسرے بڑا چاپلوس بنو اور دوسرے سے زیادہ اپنے غیرت و عزت کو سودا لگاؤ اور اپنے خوداری، ننگ، غیرت، عزت کی سودا کرنے کے لیے ایک سے بڑھ ایک لائن میں لگے ہوئے ہیں اور ہر وہ کام کرنے کے لیے تیار ہے جو ایک غیرت مند، خوددار اور ایماندار شخص کے لیے قابل موت ہو۔ یہ تمام عمل اپنے آپ میں نہ قدرتی ہے اور نہ ہی ہمارے کلچر اور روایات کے حصہ تھے بلکہ یہ کالونیل روایات ہے اور غیروں نے ہمارے سماج پر یہ ناسور روایات مسلط کیے ہیں جس کا خالص مقصد بلوچ معاشرے میں سماجی بیگانگی پیدا کرنا ہے۔

2.7 معاشرتی برائیاں

غیر سیاسی سماج از خود سماجی برائیوں کی جڑھ ہوتی ہے مگر بلوچ سماج میں سماجی برائیاں ایک منظم پالیسی کے تحت مسلط کی گئی ہیں۔ آج بلوچستان کے ہر شہر و کوچے میں منشیات فروشی کو عام کیا گیا ہے۔ آج بلوچستان کے ہر علاقے میں نوجوان منشیات کے عادی بن رہے ہیں اور یہ رجحان انتہائی خطرناک طریقے سے آگے بڑھ رہی ہے۔ چرس، شراب، افیون، کرسٹال و دیگر خطرناک نشہ بلوچ علاقوں اور بلوچ نوجوانوں کے درمیان ایک منظم

منصوبہ بندی کے تحت عام کئے گئے ہیں جس کا مقصد بلوچ نوجوانوں کو ذہنی حوالے سے کمزور اور کھوکھلا کرنا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ دور دراز علاقوں میں نشہ واحد شے ہے جس کی فری ہوم ڈلیوری سروس بھی دستیاب ہیں۔

ہمارے معاشرے میں چوروں اور ڈکیتوں کو نہ صرف کھلی چوٹ دی گئی ہے بلکہ انہیں اسلحہ اور گاڑیاں بھی مہیاں کی جاتی ہے اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ، پولیس اور ایف سی ان مسلح جتھوں کو سکیورٹی بھی مہیاں کرتے ہیں۔ یہی جتھے آج ڈیتھ اسکواڈ کا کام کر رہے ہیں۔ گھروں میں لوٹ مار کرتے ہیں، زمینوں پر قبضہ کرتے ہے، اغوا برائے تاوان اور سیاسی کارکنوں کو جبری گمشدہ کرنے میں ریاستی اداروں کے معاون بھی ہوتے ہیں۔

2.8 تقسیم کرو حکومت کرو

تقسیم کرو اور حکومت کرو برطانوی کالونیل پالیسی جسے آج بھی بلوچستان میں استعمال کیا جارہا ہے۔ آج بلوچ قوم کو تقسیم کرنے لئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے گئے ہیں۔ قبائلی شناخت کو برتر کرنا، زبان کے بنیاد پر تقسیم کرنے کی کوشش کرنا، مذہبی تفریق پیدا کرنا، علاقائی بنیادوں پر مسئلے پیدا کرنا جن کا واحد مقصد بلوچ قومی احساس کو کمزور کرنا ہے اور یہ تمام عناصر بلوچ قوم کے مرکزیت کو کمزور کرنے کے لیے استعمال کئے جارہے ہیں۔

بحیثیت بلوچ ہم نے کبھی غور و فکر کی ہے کہ جو ہمیں قتل کر رہا ہے کیا وہ یہ امتیاز رکھتا ہے کہ ہم امیر غریب، مرد عورت، زگری نمازی، زہری مینگل ہیں؟ وہ صرف "بلوچ" کی بنیاد پر ہمیں قتل کر رہا ہے۔ جب ہم بلا امتیاز بغیر کسی فرق و تمیز کے مارے جا رہے ہیں پھر ہم تقسیم کیوں ہیں؟ ہمیں یہ سمجھنا ہو گا کہ یہ تفاریق ہمارے سماج کے حصے نہیں ہیں اور نہ ہی قدرتی ہیں بلکہ بیرونی قوتوں کے پیدا کردہ تفاریق ہیں اور یہ معاشرتی تقسیم ہماری اجتماعی طاقت کو کمزور کر کے ہم پر بیرونی قوتوں کی گرفت کو مظبوط کر چکی ہے۔

بلوچ سماج میں ہمیں انگت گھمبیر مسائل نظر آتے ہیں مگر جب ہم ان مسائل کی گہرائی سے تجزیہ کرتے ہیں تو ہمیں ایک ہی مرکز نظر آتا ہے جہاں سے یہ تمام مسائل ہمارے لیے پیدا کئے جا رہے ہیں۔

ان مسائل کا مقابل کیسے کیا جائے؟

3.1 تحلیل سے تشکیل کا سفر

بلوچستان میں دُکھ، درد اور تکلیف دہ زندگی کی کیفیت کو لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ پاکستانی تناظر میں ان تکلیف، دکھ اور درد کو احساس محرومی کہا جاتا ہے مگر ہم اپنے ارد گرد میں روزانہ کی بنیاد پر جس طرح کے حالات کا سامنا کر رہے ہیں وہ محرومیوں سے بڑھ کر ہیں، جیسا کہ ہماری شناخت کا مسخ ہونا، ہماری تاریخ کا مسخ ہونا، ہمارے سامنے ہمارے لخت جگروں کا بے رحمانہ قتل ہونا، سوال اور اظہار رائے پر قدغن لگانا، علم و شعور پر پابندی، غربت و افلاس، معاشرتی جرائم، تقسیم کرو حکومت کرو جیسے حالات کا سامنا کر رہے ہیں اور یہ تمام عوامل محرومیاں نہیں بلکہ محکومی کی علامات ہیں۔

سب سے پہلے بلوچ قوم کے ہر ایک فرد کو یہ ادراک رکھنا ہو گا کہ ہم ایک محکوم قوم ہے۔ محکومی کے سبب اس وقت ہم بدترین نسل کشی کا سامنا کر رہے ہیں، اور ہماری سماج کو تحلیل کیا جا رہا ہے، ہماری قومی یکجہتی کو تقسیم کرنے کے لیے سازشوں کا جھال بچھایا گیا ہے، ہمیں اپنے سماج سے بیگانہ بنانے کے لیے انفرادیت پسندی کا شکار بنایا جا چکا ہے، عام عوام کو قومی جدوجہد سے دور رکھنے کے لیے چھوٹے چھوٹے مسائل میں الجھایا گیا ہے ایسے

حالات میں ایک ذی شعور بلوچ کی ذمہ داریاں کیا ہوتی ہے؟ کس طرح اس نسل کشی کے خلاف توانا آواز بنے؟ کیسے ان مسائل سے چھٹکارا ممکن ہے؟ اجتماعی جدوجہد کس قدر ناگزیر ہے؟ اجتماعی جدوجہد کیسے کی جائے؟ تحلیل سے تشکیل کا سفر کیسے ممکن بنایا جاسکتا ہے؟ یہ سب سوالات جواب طلب ہیں اور ہر ایک بلوچ کے لیے ان سوالات کے جوابات تلاش کرنا ضروری ہے۔

آج اگر ہم بحیثیت قوم ان حالات میں تشکیل نو کی طرف بڑھنا چاہتے ہیں تو ہمیں ہر ایک فرد کو از خود جرت کے ساتھ قدم اٹھانا ہوگا، اور یہ طے کرنا ہوگا کہ ہم ہی ایک نئ تشکیل کے ضامن ہیں اور ہم ہی کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے ہمیں اپنے گھروں میں اس چیز پر علمی بحث کا آغاز کرنا ہوگا کہ کس طرح ہمارے سماج کو کھوکھلا کرکے تحلیل کیا جارہا ہے۔ ان تمام عناصر اور عوامل جو ضمیر پروشی، ذاتی مفاد کے لیے معاشرے کے خلاف کام کرنا، غیروں کی چاپلوسی کرنا، اپنے عوام پر ظلم اور جبر کرنا، خواتین پر ظلم اور ان کے حقوق پر قدغن، منشیات فروشی، منشیات کو دانستہ نوجوانوں میں عام کرنا، نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو ختم کرکے انہیں غیر ضروری ریس میں لگانا اور ایسے دیگر تمام سماج و قوم مخالف سرگرمیوں میں ملوث عناصروں کے کردار کو بلاخوف و جھجک عوام کے سامنے واضح کرنا، انہیں واضح تنقید کا نشانہ بنانا اور اس کے ساتھ یہ بھی واضح کرنا کہ ان ایسے عناصر اور عوامل کا تعلق ہم میں سے نہیں بلکہ کالونیل ازم سے ہے اور کالونیل ازم کے

پیداوار کردار ہیں۔ جب تک ہم ان خطرناک عوامل اور عناصر کی بیخ کنی نہیں کریں گے، ہمارے سماج کی تشکیل نو کے سامنے یہ رکاوٹ بنتے جائے گے۔

اس کے علاوہ ہمیں اپنے نسل کشی کے خلاف ایک ڈھال بننا ہوگا۔ ہمیں معمولی سے معمولی مظالم کے خلاف بھی خاموش نہیں رہنا ہوگا اور اس سوچ کو فوری طور پر ختم کرنا ہوگا کہ جب تک ظلم و جبر نے میرے دروازے پر دستک نہیں دی تو میں نہیں بولوں گا۔ ہم میں سے ہر ایک فرد کو اپنے گھر، محلہ، گاؤں، شہر سمیت پورے بلوچ سرزمین میں ہونے والے ہر ایک جبر کے خلاف اٹھنا ہوگا اور شدت سے اس کے خلاف آواز اٹھانی ہوگی۔ ہمیں ظلم اور جبر کے خلاف اپنے خوف کو ختم کرنا ہوگا اور ان مظالم کے خلاف ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہے۔ جب ہم ایک زنجیر کی طرح بلوچ نسل کشی کے خلاف اکھٹے ہو کر جدوجہد کریں گے تو ہم اپنی سرزمین سے ظلم و جبر کے آخری نشانی کو بھی مٹائے گے۔

اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچ قوم کی بچوں سے لیکر بوڑھوں و بزرگوں تک سب کو یہ احساس ہو کہ یہ ان کے بقاء کی جنگ ہے۔ خود کو ایک بلوچ سمجھنا اور اسی زاویے سے اپنے مسائل کو سمجھنا ضروری ہے۔ بطور بلوچ قوم ہمیں اپنے ہر گھر میں قوم دوستی کے بنیاد پر بنیادی تعلیم کی ابتداء کرنا ہوگا۔ اس بنیادی تعلیم کے لیے ضروری ہے کہ ہم خود حقائق سے آشنا ہو اور بنیادی سیاسی اصولوں کو سمجھنے کے قابل ہو۔ ہمیں اتنی

سیاسی تربیت ہو کہ ہمارے سماجی مسائل کی بنیادی وجہ کیا ہے اور کس طرح اجتماعی جدوجہد قومی تشکیل کو ممکن بناتی ہے۔ قوم دوستی کے بنیاد پر عملی سیاست ہی ہمیں یکجا کر سکتی ہے اور یہی یکجہتی ہماری بقاء کا تقاضا ہے۔ ہمیں قومی یکجہتی کے بنیاد پر مزاحمت کرنی ہو گی۔ قومی یکجہتی کو ممکن بنانے کا وسیلہ قومی شعور ہے، قومی شعور یکساں سوچ، فکر اور ہم آہنگی پیدا کرتی ہے اور یکساں سوچ، فکر اور ہم آہنگی ہمیں قومی یکجہتی کی جانب لے جاتی ہے۔ جبکہ ہمیں بلوچ قوم کے سیاسی، سماجی اور ثقافتی مرکز کو تقسیم کرنے والے ہر ایک عمل و عناصر کے خلاف نظریاتی طور پر مورچہ بند ہونا ہو گا اور ایسے کرداروں کو سماج کے سامنے واضح کرنا ہو گا اور بلوچ قوم کے درمیان سیاسی، سماجی اور ثقافتی طور پر تقسیم پیدا کرنے والے عناصروں کی سماجی بائیکاٹ کرنا ہو گا۔

قومی تشکیل نو کے لیے ہمارے ہر فرد کے ہر عمل کا تعلق سماج اور قوم کے فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے ہونی چاہیے۔ آج ہم سیاسی حوالے سے اس سطح پر ہے کہ اگر ہم نے قومی سوچ کو اپنانے اور اپنے ہر عمل کو قومی عمل سے جوڑنے میں دیر کی تو شائد آنے والے وقت میں قومی سطح ہمارے لیے اس کے نقصانات بہت شدید ہونگے۔ اب بنیادی سوال یہ ہے کہ ایک فرد قومی تشکیل نو میں کیا کردار ادا کر سکتی ہے اور اپنے ہر عمل کو کیسے قومی عمل سے جوڑ سکتی ہے؟ ہمارے نزدیک مثال کے طور پر طالب علم جب اپنے تعلیمی شعبے کے انتخاب کر رہے ہوتے ہیں تو انہیں اس وقت یہ بات ذہین میں رکھنی ہو گی کہ ہم اپنے شعبے

کی صلاحیتوں کو بلوچ قوم کی ترقی اور فلاح و بہبود میں کس طرح استعمال کر سکتے ہیں اور تعلیم کو محض نوکری حاصل کرنے کے بجائے اپنے تخلیقی صلاحیتوں نکھارنے اور بڑھانے کے لیے حاصل کریں اور انہی تخلیقی صلاحیتوں کو بلوچ قومی ترقی میں استعمال کریں، اگر ہر ایک بلوچ طالب علم اس سوچ و فکر کی بنیاد پر اپنے تعلیمی شعبے کا انتخاب کریں تو اس سے یہی مراد ہوگا کہ ہر ایک بلوچ طالب علم قومی تشکیل نو میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے تعلق سماج کے جس بھی طبقہ یا شعبے ہو ہم اپنے ہر عمل کو کسی نہ کسی صورت قومی عمل سے جوڑ سکتے ہیں اور قومی تشکیل نو میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

ہمیں اپنے تمام قومی مسائل کے حل کے لیے علمی و شعوری بنیادوں پر یکجا ہونا ہوگا۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ آج ہمیں قومی و سماجی سطح پر درپیش مسائل کسی بھی صورت زاتی، علاقائی یا گروہی نہیں ہے بلکہ قومی ہے اور ان کا حل بھی قومی سطح پر ممکن ہے۔ جیسا کہ معاشی مسائل نے پورے بلوچ سماج کو گھیر کر رکھا ہے، ہر علاقے میں معاشی استحصال پر عروج پر ہے اور دو وقت کی عزت کی روٹی حاصل کرنے کے لیے بھی عزت نفس کو مجروح ہونا پڑھتا ہے گو کہ ہر علاقے میں معاشی استحصال کے شکل میں توڑی بہت معمولی نوعیت کے فرق موجود ہونگے لیکن استحصال کرنے والے کا مرکز ایک ہے اور استحصال کے شکار ہونے والوں کا مرکز بھی ایک ہے لہذا اس لئے ہمیں معاشی استحصال کے خلاف یکجاہ طور پر نکلنا ہوگا۔ جبکہ ہمیں قومی سطح پر اس بات کا ادراک رکھنا ہوگا کہ ہمیں اپنی

معاشی استحصال کو ختم کرنے کے لیے اپنی معاشی محتاجی کو ختم کرنا ہوگا، درحقیقت معاشی محتاجی سماجی ترقی کے سامنے سب سے بڑی رکاوٹ ہوتی ہے، مثال کے طور پر وہ قوم جو اپنے طور پر ایک ماچس نہیں بنا سکتی ہے وہ کسی بھی صورت ترقی نہیں کر سکتی ہے۔ ہمیں بحیثیت قوم اپنی معاشی محتاجی کو ختم کرنا ہوگا، معاشی حوالے سے خوف کفیل ہونا ہوگا، جس کے لیے ہمیں باصلاحیت ہونا ہوگا اور اپنی صلاحیتوں کے بنیاد اپنے معاشی مراکز کی تشکیل خود کرنی ہوگی۔ مثال کے طور پر ہمیں کسی بھی چیز کے لیے کم از کم اس جانب نہیں دیکھنا ہوگا جہاں سے ہماری نسل کشی ہو رہی ہے اور ہماری سیاسی و معاشی استحصال ہو رہی ہے، اس کے لیے ہمیں اپنی ایگریکلچر کو مظبوط کرنا ہوگا، اپنے لیے خود سے فصل پیدا کرنے ہونگے اور اپنے منڈی بنانے ہونگے، اپنے گھروں اور محلوں میں چھوٹے چھوٹے کارخانے لگانے ہونگے جہاں بنیادی ضرورت کے اشیاء پیدا کیے جائے اور اپنے لوگوں کے لیے چھوٹے چھوٹے روزگار کے لیے مواقع پیدا کیے جائے، اپنے لوگوں کو چھوٹے چھوٹے ہنر سکانے کے لیے ہر محلہ اور شہروں میں ٹریننگ سینٹر بنائے جائے، نوجوان اپنی صلاحیتوں کو ایک معمولی نوکری کے لیے ضائع کرنے کے بجائے آئی ٹی انڈسٹری کی طرف جائے اور اپنے علاقوں میں آئی ٹی انڈسٹری لائے جس سے روزگار بھی میسر ہوگا اور نوجوان تعلیمی میدان میں ترقی کرتے رہے گے۔ اسی طرح تعلیمی اور ناخواندگی کے مسائل بھی پورے بلوچ سماج کے مشترکہ ہے، ہمارے استاد اور پڑھا لکھا طبقہ اس انتظار میں بیٹھنے کے بجائے

اپنے محدود وسائل اور صلاحیتوں کے بنیاد پر اپنے چھوٹے چھوٹے گاؤں اور دیہاتوں میں اسکول کھولے اور اپنی مدد آپ کے تحت اپنے بچوں کو پڑھائے اور بچوں کو دقیانوسی ، قدامات پرستانہ اور انتہاپسندانہ کورسز پڑھانے کے بجائے جدید سائنسی تعلیم کی جانب راغب کریں اور موجود وقت کے عین تقاضوں کے مطابق کورسز کی تشکیل کریں جبکہ ہمارے بچوں کو مادری زبان کے بجائے دوسرے زبان میں تعلیم دینا از خود ایک بڑا مسئلہ ہے ، یہ بات سائنسی طور پر ثابت شدہ ہے کہ بچے دوسرے زبانوں کے نسبت اپنے مادری زبان میں جلدی سمجھ اور سیکھ سکتے ہیں، اس لیے ہمارے استاتذہ یہ کوشش کریں کہ بچوں کو اپنے مادری زبانوں میں تعلیم دیں۔

مذکورہ بالا میں بحث کیے گئے امور کے علاوہ بھی ایسے دیگر متعدد امور ہیں جن کی بنیاد پر ہم اپنی قومی تشکیل نو میں کردار ادا کر سکتے ہیں، جس کے لیے ضروری ہے کہ ہم میں سے ہر فرد قومی تحلیل کرنے والے عناصر اور عوامل کی نشاندی کر کے ان کی بیخ کنی کریں اور قومی تشکیل نو میں اپنی بھرپور کردار ادا کریں۔

3.2 قومی مزاحمت

بلوچ یکجہتی کمیٹی نے بلوچ نسل کشی کے خلاف ایک تاریخی لانگ مارچ کیا جو تربت سے کوئٹہ اور کوئٹہ سے اسلام آباد پہنچا اور پھر اسلام آباد میں ایک مہینے کی طویل دھرنا

دیا۔ اسلام آباد میں ریاست نے ہمارے مطالبات سننے کے بجائے، پہلے دن سے پُر تشدد رویہ اپنایا لیکن ہمارے کارکنان اور بلوچ عوام کے حوصلے ریاستی تشدد اور طاقت سے زیادہ بلند تھے اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کی تحریک نے پورے بلوچ سماج کو سیاسی حوالے سے متحرک کیا، کوہ سلیمان سے لیکر مکران تک بلوچ عوام بلوچ نسل کشی کے خلاف سراپا احتجاج تھے اور اس تحریک نے بلوچ سماج کو ایک نئی حوصلہ اور جزبہ عطاء کی۔

بلوچ یکجہتی کمیٹی کی بلوچ نسل کشی کے خلاف تحریک ایک عوامی مزاحمتی تحریک ہے جس کے مطالبات عوامی ہے اور اس کی قوت بلوچ عوام ہے۔ بلوچ نسل کشی کے خلاف اس تحریک کا مقصد اپنے عوام کو بلوچ نسل کشی کے تمام پہلوؤں کے حوالے سے آگاہی دینا اور انہیں موبلائز کرنا ہے، بلوچ عوام کو متحرک کرکے عوامی قوت سے بلوچ نسل کشی کے خلاف عوامی مزاحمتی جدوجہد کرنا ہے، اپنے قوم کو سیاسی طور پر نعروں اور جذباتی تقاریر سے بڑھ کر، علمی اور عملی طور پر ایک سیاسی پلیٹ فارم پر یکجاں کرنا ہے، بلوچ سماج میں کالونیل روایات اور برائیوں کے خلاف جنگ کرکے سماج کی تشکیل نو کرنا ہے اور بین الاقوامی برادری کو بلوچ نسل کشی، بلوچستان میں ہونے والے سنگین انسانی حقوق کے پامالیوں کے متعلق آگاہ کرنا ہے۔

اس تحریک کو مرحلہ وار آگے بڑھانے کا مقصد ان اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا ہے جو ایک سیاسی تحریک کے لیے ضروری ہے۔ مرحلہ وار آگے بڑھنے کا مقصد ہر قدم

کے لئے ذہنی طور پہ تیار، حدود واضح، شعوری فیصلہ اور وقت کے ساتھ ہم آہنگی ہے۔ تحریک کو مرحلہ وار آگے بڑھانے کا ایک مقصد اپنے قوم کو شعوری طور پر اس تحریک کا حصہ بنانا ہے، جہاں پہلے پوری قوم محض قومی جذبات واحساسات کی بنیاد پر اس تحریک کا حصہ بنا، مگر اب انہیں شعوری طور پر اس تحریک کا حصہ بنانا ہے۔ جذبات واحساسات کسی بھی عمل کا حصہ بننے کے لیے ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں مگر اس عمل کو جذبات اور احساسات کے بنیاد پر مکمل کرنا ممکن نہیں کیونکہ احساسات غیر مستقل ہوتے ہیں اور جتنے یہ غیر مستقل ہوتے ہیں اتنے ہی نازک اور کم عمر ہوتے ہے۔ان احساسات کو مظبوط بنانے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ انہیں شعور میں تبدیل کیا جائے، تب یہ مظبوط اور مستقل ہونگے۔ احساسات کو شعور میں تبدیل کرنے کے لیے انہیں علم و عمل میں بدلنا ضروری ہے۔ مسلسل عمل کا حصہ رہنا، ان سے سیکھنا، تجربات کا پختہ ہونا ہمارے جذبات کو شعور میں بدل دیگا اور یہی شعور عوامی ہجوم کو ایک انقلابی کاروان میں تبدیل کر دیگی اور یہ انقلابی کاروان اندھیرا شکن ہوگی اور یہی روشنی کے ضامن ہوگی۔

قوم کی اجتماعی سیاسی تربیت ایک انتہائی پیچیدہ اور صبر آزما مرحلہ ہے، کروڑوں میں موجود قوم کو آہستہ آہستہ سیاسی ماحول کا حصہ بنانا، کالونیل اثرات اور روایات کا خاتمہ کرنا اور قوم کو تقسیم کرنے والے ہر نقطے کو بے اثر بنانا انتہائی مشکل کام ہے جسے بلوچ یکجہتی کمیٹی نے اپنے کندھوں پر اٹھانے کا عہد کی ہے۔ کیونکہ ہم سمجھتے ہے کہ اب یہ کام فقط ایک

تنظیم کا نہیں بلکہ قوم کے ہر فرد کا ہے اور آج قوم کے احساسات ہمارے ساتھ ہے یہی قوم خود کو تشکیل نو کے لئے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ساتھ خود آگے بڑھے گی۔

بلوچ یکجہتی کمیٹی سمجھتی ہے کہ جس طرح کے حالات کا سامنا آج بلوچ قوم کو ہے، اس کے لیے قومی مزاحمتی جدوجہد ناگزیر ہے۔ اگر آج بلوچ نسل کشی کے روکنے کے لیے ہم نے مزاحمت کے بجائے مصالحت اور قومی یکجہتی کے بجائے گروہ میں تقسیم ہونے کی کوشش کی تو شائد ہمارے آنے والی نسلیں اس نقصان کا خمیازہ بھگتے گے۔ بلوچ نسل کشی کو روکنے اور بلوچ قوم کی تشکیل نو کے لیے قومی بنیادوں پر ہونے والی مزاحمت ہی واحد حل ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی بلوچ سماج کے تمام سماجی اور سیاسی قوتوں کو دعوت دیتی ہے کہ وہ آئے اس قومی مزاحمت کا حصہ بن جائے اور اجتماعی و قومی بنیادوں پر اس تحریک کو مظبوط کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور اس کے ساتھ بلوچ یکجہتی کمیٹی بلوچ سماج کے ہر فرد سے اپیل کرتی ہے کہ آپ کا تعلق جس بھی شعبے سے ہو، آئے اس تحریک کا عملی صورت میں حصہ بن جائے اور اپنی بساط و صلاحیتوں کے مطابق اس قومی مزاحمت میں اپنا کردار ادا کریں۔

بلوچ راجی مچی

بلوچ یکجہتی کمیٹی کی جانب سے 30 مئی 2024 کو شال میں پریس کانفرنس کے ذریعے اعلان کیا گیا کہ جولائی کے مہینے میں ایک قومی اجتماع کا انعقاد کیا جائے گا۔ بلوچ قومی اجتماع بلوچ نسل کشی کے خلاف تحریک کا حصہ ہے۔ یہ اجتماع بلوچ تاریخ میں پہلی بار اپنی نوعیت کا بڑا قومی اجتماع ہو گا۔

4.1 بلوچ راجی مُچی کے مقاصد

کسی بھی کام کو آگے بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ اس کے اغراض و مقاصد واضح ہو اور اس کام کو سرانجام دینے والے تمام کردار ان مقاصد کے بارے میں مکمل ادراک رکھتے ہو کیونکہ اس کے بغیر ہم اس کام کو بہترین انداز میں آگے نہیں بڑھا سکتے اور اہم نقطہ یہ ہے کہ مقاصد کے سمجھ و فہم کے بغیر ہم نہ اپنے تخلیقی صلاحیتوں کو اس کام کیلئے بروئے کار لا سکتے ہیں اور نہ ہی کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ اس قومی اجتماع کے مقاصد درج ذیل ہے:

1۔ بلوچ قوم کالونیل طاقتوں کے مختلف حربوں کی وجہ سے تقسیم در تقسیم کا شکار ہے جس میں مذہبی، لسانی، قبائلی اور انتظامی حدود شامل ہیں۔ کالونیل طاقتوں کی "تقسیم کرو اور

حکومت کرو" کی پالیسی کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بننا اور بلوچ قوم کو قومی احساس و قومی شعور کی بنیاد پر یکجاہ کرنا ہمارا بنیادی مقاصد ہے۔ اس کے لئے ہمیں ہر شہر، ہر دیہات، ہر گھر تک یہ پیغام پہنچانا ہے کہ ہم اس قومی اجتماع میں شامل ہو اور قومی و اجتماعی بنیاد پر بلوچ نسل کشی کے خلاف جد وجہد کریں گے۔

2۔ ہمیں اس قومی اجتماع کے ذریعے اپنے درمیان یہ احساس پیدا کرنا ہے کہ ہمارے مسائل انفرادی، قبائلی اور علاقائی نہیں ہیں بلکہ یہ تمام مسائل قومی ہیں اور اپنے قومی مسائل کے کے لیے ہمیں اپنے درمیان اتحاد، یکجہتی اور ہم آہنگی پیدا کرنا ہے اور مشترکہ جد وجہد کے لیے راہ ہموار کرنا ہے۔

3۔ اس قومی اجتماع کے ذریعے وہ تمام ماؤں، بہنوں اور بچوں سے اظہار یکجہتی کرنا ہے جن کے پیارے لخت جگر بلوچ نسل کشی پالیسی کے تحت شہید کئے گئے یا کئی سالوں، دہائیوں سے جبری طور پر گمشدہ کر کے پابند سلاسل ہیں۔

4۔ آج بلوچستان ریاستی ظلم و جبر کی آگ میں جل رہا ہے، ہر طرف قتل و غارت، لاشیں، جبری گمشدگیاں، سڑکوں اور پریس کلبوں میں ماؤں و بہنوں کے چیخ و پکار، ریاستی پیدہ کردہ بھوک و افلاس، الغرض ہر طرف آہ و زاری ہے مگر بین الاقوامی ادارے اور برادری بلوچ قوم کے حالات متعلق لاعلم ہے۔ ہم اس قومی اجتماع کے ذریعے یہ کوشش کریں گے کہ

بین الاقوامی برادری اور انسانی حقوق کے اداروں کو بلوچ نسل کشی کے تمام پہلوؤں کے متعلق آگاہ کریں۔

5۔اس قومی اجتماع کے ذریعے ریاست کو یہ پیغام دینا ہے کہ بحیثیت قوم ہم آپ کے جبر اور بربریت کے سامنے کسی بھی صورت خاموش نہیں رہیں گے البتہ ہم اپنے جدوجہد کے ذریعے آپ کو بلوچ نسل کشی کے پالیسی کو ختم کرنے پر مجبور کریں گے۔

4.2 بلوچ قومی اجتماع اور ہماری زمہ داریاں

بلوچ راجی مچی کے لیے ہر فرد اپنا کردار ادا کر سکتا ہے اور ہم یہی امید کرتے ہیں کہ آپ کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتے ہو، آپ بلوچ راجی مچی کے لیے اپنا کردار کریں گے اور اس قومی جدوجہد میں اپنا حصہ ڈالے گے۔ یہ ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے کہ اس قومی اجتماع کے لیے ہم سب ملکر قومی احساس و جزبہ اور ہم آہنگی کیساتھ تیاری کریں، گھر گھر تک اس پیغام کو پہنچانا لازمی ہے، اپنے گھر سے نکل کر راجی اجتماع میں شامل ہونا چند گھنٹوں کا سفر ہوگا یا دور سے دور ترین شہر سے بھی ہم دو دن کے اندر بلوچستان کے کسی بھی کونے میں پہنچ جائے گے لیکن اس کے لیے ضروری ہے ہم پہلے سے ذہنی طور پر تیار ہو جائیں۔

4.3 آپ "بلوچ راجی مچی" کے لیے بی وائی سی کا کیسے مدد کر سکتے ہو؟

1. آپ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے کارکنان کے ساتھ شامل ہو کر ہر دیہات، محلہ اور شہر میں کارنر میٹنگ منعقد کر کے عوامی تربیتی بیٹھک قائم کریں۔
2. آپ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے کارکنان کے ساتھ شامل ہو کر ہر دیہات، محلہ اور شہر میں پمفلٹ تقسیم کریں۔
3. آپ اپنے گھر، محلہ اور رشتہ داروں کو راجی مُچی کے متعلق آگاہی دیں اور انہیں راجی مچی میں شامل ہونے کے لیے ذہنی حوالے سے تیار کریں۔
4. اگر آپ ادیب، فنکار، ولاگرز، ٹک ٹاکرز، شاعر، اور دیگر کسی شعبہ فن سے آپ کا تعلق ہے، آپ اپنے فن کے ذریعے عوامی موبلائیزیشن میں اپنا کردار ادا کریں۔
5. آپ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے سوشل میڈیا ٹیم کے ساتھ شامل ہو کر راجی مچی کے لیے سوشل میڈیا مہم کی تیاری میں حصہ لے سکتے ہو۔
6. آپ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ریسرچ اور لیٹریچر ٹیم کے ساتھ شامل ہو کر راجی مچی کے لیے لیٹریچر پیدا کرنے میں حصہ لے سکتے ہو۔
7. آپ اپنے علاقے سے ٹرانسپورٹ کا بندوبست، سفر کے لیے ضروری سامان کا بندبست کرنا اور دیگر کاموں کے لیے تنظیم کو مالی تعاون کریں

8. اس کے علاوہ ایسا کوئی بھی کام یہ ذمہ داری آپ سمجھتے ہیں کہ راجی مچی کے مدد گار ثابت ہو سکتا ہے آپ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے رضاکاروں کے ساتھ رابطہ کر کے اس کام کو سرانجام دے سکتے ہو۔

درج بالا میں ذکر کیے گئے کسی بھی کام کے لیے آپ میں سے کوئی بھی شخص رضاکارانہ طور پر بلوچ راجی مچی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہے وہ تنظیم کے آفیشل رابطہ نمبر کے رابطہ کر کے اپنا نام تنظیم کو ارسال کریں۔

بلوچ یکجہتی کمیٹی کی یہ تحریک ایک عوامی تحریک ہے اور اس کی کامیابی عوامی حصہ داری، تعاون اور مدد سے ہی ممکن ہے، ہر بلوچ خواہ وہ کسی بھی تنظیم سے تعلق رکھتا ہو، یا کسی بھی پیشے سے وابسطہ ہو اس تحریک میں شامل ہو کر اسے کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

شکریہ

(Booklet Issue 1)
2024

BALOCH NATIONAL GATHERING

بلوچ یکجہتی کمیٹی سرپد بیت کہ بلوچ راج مرچی ھما جاور ھالانی دیمپان انت ایشی ءِ توجیل (Solutions) ابیدے راجی گہگیری (Resistance) جدوجہدءَ نہ بیت۔ اگاں مرچی بلوچ چکچنی (Genocide) ءِ دارگ واستہ گہگیری ءِ جاگاہءَ بے توار بوت ایں یا راجی یکجہتی ءِ جاگاہءَ بہرءُ بانگ بوگ ءِ جہد کت گڈا مئے آیوکیں پدریچ (Generation) ءِ واستہ اے مزنیں نکسانے بیت۔ بلوچ چکچنی ءِ دارگ ءِ بلوچ راج ءِ نوکیں جوڑشت (Nation Building) راجی بنیات ءَ برجاھیں گہگیری گڈی توجیل انت۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی بلوچ راجمان (Community) ءِ گُلیں چاگردی ءُ سیاسی تاکتاں ءَ دعوت دنت کہ آبیا انت اے راجی گہگیری ءِ بہر بہ بنت ءُ اجتماعی ءُ راجی بنیات ءَ جُنز ءَ را مہکم کنگ واستہ وتی کردءَ پیلو بہ کن انت ءُ ایشی ءَ ھوار بلوچ یکجہتی کمیٹی بلوچ راجمان ءِ ہر نفرءَ گوں دستبندی کنت کہ آئی ءِ سیادی چہ کجام پڑءَ انت، بئیت ءُ عملی دروشم ءَ اے جُنز ءِ بہر بہ بیت ءُ وتی صلاحیت ءِ حسابءَ اے راجی گہگیری ءَ وتی کردءَ پیلو بہ کنت۔

بلوچ یکجہتی کمیٹی

fb.com/BalochYakjehtiCommitee @bycofficial youtube.com/@BalochYakjehtiCommittee
contact@balochyakjehticommittee.info @BalochYakjehtiC @balochyakjehticommitee